## ملک کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ایم کیوایم نے 20 جنوری کو سکھر میں ہونیوالا جلسہ عام ملتوی کردیا

## جلسہ عام کی آئندہ تاریخ کا اعلان بعد میں کردیا جائے گا، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے ملک کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر 20 جنوری کو سکھر کے جناح میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والا ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' جلسہ عام ملتوی کردیا ہے۔اس بات کا فیصلہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ سکھر میں جلسہ عام کی آئندہ تاریخ کا اعلان بعد میں کردیا جائے گا۔

## ایم کیوایم خواتین پر ڈھائے جانے والے تمام مظالم خاص طور پر ونی جیسے رسومات کے خلاف ہے، رضاہارون، اشفاق منگی

## ایم کیوایم جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی چاہتی ہے

## قائد تحریک جناب الطاف حسین سچے حق پرست لیڈر ہیں جو مظلوم ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں

## ایم کیوایم سکھر زون شعبہ خواتین کے زیراہتمام جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال

سکھر۔۔۔16 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون اور اشفاق منگی نے کہا ہے کہ انقلابی تحریکوں میں شامل لوگ ایک عظیم مقصد کیلئے اپنی جان و مال کی قربانی دیتے ہیں اور ہر مشکل وقت سے نمٹنے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم سکھر زون شعبہ خواتین کے زیراہتمام جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا۔اجلاس میں حق پرست صوبائی اسمبلی کے اراکین، شعبہ خواتین کی انچارج واراکین، ایم کیوایم اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین کے علاوہ خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی خاطر اپنی زندگی جدوجہد میں گزاری ہے، نظریاتی تحریک اور اسکے کارکنان کو ہمیشہ مصائب و مشکلات کا سامنا رہتا ہے کیونکہ وہ ایسے نظام کی تبدیلی کی جدوجہد کرتے ہیں جہاں عوام کو حقوق میسر نہ ہوں جو کارکن نظریاتی طور پر مضبوط ہوتے ہیں وہ اپنے مشن ومقصد کے حصول کے لئے ان لوگوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوتے ہیں جنہوں نے ان کے حقوق غصب کیے ہوتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں خواتین کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف نہ صرف ہمیشہ آواز بلند کی بلکہ اس کا عملی مظاہرہ پیش کرتے ہوئے حقوق نسواں بل کو اسمبلی میں اکثریت سے منظور کروانے میں اپنا اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین پر ڈھائے جانے والے مظالم وزیادتیاں، معصوم بچیوں کی قرآن شریف سے شادی اور ونی جیسے جاہلانہ رسومات کے نہ صرف خلاف ہے بلکہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے اور غریب متوسط طبقے کی حکمرانی چاہتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سچے حق پرست لیڈر ہیں جو مظلوم ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب اس وطن عزیز میں حق پرستوں کا راج ہوگا اور غریبوں کو ان کے حقوق ملیں گے ہم سب پر یہ فرض بنتا ہے کہ قائد تحریک جناب جناب الطاف حسین کے مشن ومقصد کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دن رات محنت کرکے عوام کو حق پرستی کا پیغام پہنچائیں۔اجلاس سے اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی وحق پرست اراکین سندھ اسمبلی ہیر سوہو، محترمہ ناہید بیگم، ایم کیوایم شعبہ خواتین سکھر کی انچارج ساجدہ بختیار، اراکین سندھ اسمبلی بلقیس مختار، زرین مجید اور ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن محمد عبیداللہ کی ناگہانی وفات پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن :۔۔۔16 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن محمد عبیداللہ کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان نے صوبوں کی قرارداد پیش کرکے سیاسی جماعتوں کیلئے کوئی راستہ نہیں چھوڑا ہے، حیدر عباس رضوی

### ایم کیوایم کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر کرڑال ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ اظہار تشکر کی تقریب کے شرکاء سے خطاب
### صوبہ ہزارہ تحریک کی تنظیموں کے عہدیداران کا جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین اور اظہار تشکر

کراچی۔۔۔16، جنوری 2012ء

قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ مظلوموں قوموں کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اور جناب الطاف حسین کی ہدایت پر قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان نے صوبوں کی قرارداد پیش کرکے سیاسی جماعتوں کیلئے کوئی راستہ نہیں چھوڑا ہے ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر کرڑال ایسوسی ایشن کے زیراہتمام KDA کلب میں ایم کیوایم سے اظہار تشکر کرنے کی استقبالیہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔استقبالیہ تقریب میں تحریک صوبہ ہزارہ، سندھ ہزارہ قومی محاذ، ہزارہ عوامی اتحاد، صوبہ ہزارہ تحریک، ہزارہ قومی جرگہ، گجر اتحاد، ہزارہ فرنٹ تنولی اتحاد، انجمن اتحاد ہزارہ کے عہدیداران نے شرکت کی اور قومی اسمبلی میں حق پرست ارکان اسمبلی کی جانب سے صوبوں کیلئے قرارداد پیش کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ ان سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، گلفراز خان خٹک، حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری، ایم کیوایم ایگزیکٹو کونسل کی رکن محترمہ لیلہ پروین بھی موجود تھیں ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حیدر عباس رضوی نے کہا کہ ایم کیوایم نے مظلوم قوموں کی آواز کی کھل کر ترجمانی کی ہے اور ان کی خواہشات اورامنگوں کا احترام کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ تحریک ہزارہ کی تمام تنظیموں سے کہا کہ اب انہیں یہ فیصلہ خود کرنا ہوگا کہ کون ان کے حقوق کیلئے آواز سے آواز ملا رہا ہے اور وہ کونسے عناصر ہیں جو 63 برس سے مظلوموں کی آواز کو دبا رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک کی صورتحال نازک ہے اور ایسے میں مظلوم قوموں کے ساتھ ناانصافی کا عمل احساس محرومیوں میں اضافہ کا سبب بنے گا اور ایم کیوایم مظلوم قوموں کے احساس محرومی کو ختم کرنے اور ملک کے استحکام کیلئے پرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کرسمس کے سلسلے میں نعمت کالونی اور حسن کالونی میں امدادی پروگرام کا انعقاد
### سینکڑوں غریب و مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا

کراچی۔۔۔16، جنوری 2012ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام کرسمس کے سلسلے میں گزشتہ روز نعمت کالونی عزیز آباد یوسی 1 گلبرگ ٹاؤن اور لیاقت آباد کی حسن کالونی یوسی2 میں امدادی پروگرام منعقد ہوئے جن میں سینکڑوں غریب و مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا۔امدادی پروگرام میں ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی رشید خان، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین پطرس یوسف اور منور جان نے شرکت کی اور مستحقین میں راشن تقسیم کیا۔امدادی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رشید خان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر دیوالی اور کرسمس کے مواقع پر امدادی پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایم کیوایم بلارنگ ونسل، مذہب کے صرف اورصرف انسانیت کی بنیاد پر خدمت پر یقین رکھتی ہے ۔امدادی تقریب سے مستفید ہونے والے خواتین وحضرات نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اوران کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔16 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153/B کے کارکن زوہب علی خان کے والد لیاقت علی خان کے انتقال، اور لائیز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کارکن محمد عبیداللہ کی ناگہانی وفات پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعاء کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆